ہماری اردو پیاری اردو

اردو کا قاعدہ

طلبہ ابتدائیہ کے لئے

الجامعة الرحمانية الأهلية راجشاهي بنغلاديش

اردو کا قاعدہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حروف ہجا

ا ب پ ت ٹ ث ج

چ ح خ د ڈ ذ ر ڑ ز ژ

س ش ص ض ط ظ ع

غ ف ق ک گ ل

م ن و ہ ھ ء ی ے

یا رب! دل دے۔ سن لے۔ مت ڈر۔ چپ رہ۔ سچ کہہ۔ سچ سن۔ اب جا۔ کل آ۔ وہ لا۔ تم لو۔ یہ دو۔ کم سو۔ بس کر۔ لے لی۔ دے دی۔

رب سے ڈر۔ حج کو جا۔ ضد نہ کر۔ دل سے سن۔ سو تک گن۔ دق نہ کر۔ پل پر چل۔ دن کو آ۔

اب نہ رو۔ سب سے سچ کہہ۔ جو دے سو لے۔ اس کو تہ کر۔ اس کو پی لے۔ سل کس کی ہے؟

آج۔ آم۔ باپ۔ بات۔ پاک۔ جاٹ۔ چار۔ دال۔ ڈال۔ راج۔ ساگ۔ شام۔ صاف۔ کاٹ۔ کام۔ مان۔ ناک۔ یاد۔ راہ۔ گائے۔ ماں۔

آم لا دو۔ جاٹ سے کہہ۔ ساگ کاٹ لے۔ گائے دوہ لے۔ راہ پر چل۔ دال لے لو۔ ناک صاف کر۔ پاک صاف رہ۔ حق کو یاد کر۔ شام سے نہ سو۔ ماں باپ کی بات مان۔ چار دن نہ جا۔ ان کا راج ہے۔ آج کا کام کل پر نہ ٹال۔

بتا۔ پتا۔ چلا۔ بڑا۔ کڑا۔ کہا۔ رہا۔ دوا۔ ہوا۔ گیا۔ حیا۔ کیا۔

حیا کر۔ دوا لے لو۔ ہوا صاف ہے۔ پتا بتا دو۔ وہ رات کو رہا۔ دن کو چلا گیا۔ تم نے کیا کہا؟ وہ ہم سے بڑا ہے۔ یہ کس کا کڑا ہے؟

پلا۔ ملا۔ لٹا۔ دیا۔ لیا۔ برا۔ مٹا۔ خدا۔

خدا کو یاد کر۔ اس سے دل لگا۔ چچا کو دوا پلا۔ اس کو مٹا دو۔ اس کو لٹا دو۔ وہ آج ہم سے ملا۔ برا نہ بن۔ جاٹ کو بلا لو۔ آم کس سے لیا؟ اس نے دیا۔

ادب۔ بدن۔ قلم۔ چلو۔ سہج۔ نجس۔ وضو۔ بہت۔

وضو کرو۔ حج کرو۔ بہت نہ سو۔ قلم بنا دو۔ سہج سہج چلو۔ بدن کو نجس نہ کرو۔ ماں باپ کا ادب کرو۔

ٹکٹ۔ شکن۔ کرچ۔ پرچ۔ اجڈ۔ مخل۔ چغل۔

پرچ دو۔ اجڈ نہ بن۔ چغل سب سے برا۔ خط پر ٹکٹ لگا دو۔ اس میں شکن نہ ڈال۔ یہ کس کی کرچ ہے؟ کام میں مخل نہ ہو۔

ملو۔ گنو۔ پیو۔ سیو۔ بنو۔ سنو۔

دوا پیو۔ اس کو سیو۔ جال بنو۔ بات تو سنو۔ ہم سے ملو۔ ان کو گنو۔

نبی۔ ولی۔ علی۔ چلی۔ گئی۔ اسی۔ کسی۔ قلی۔ بری۔

نبی کا کہنا سچ ہے۔ علی خدا کے ولی ہیں۔ کسی سے مت لڑو۔ یہ بات بہت بری ہے۔ اسی قلی کو بلا لو۔ وہ تو چلی گئی۔

اسے۔ جسے۔ چلے۔ اسے۔ لئے۔ دئے۔ گئے۔

جسے وہ کہے اسے دے آ۔ وہ حج کو چلے گئے۔ تم نے اسے آم دئے۔ اس نے لئے۔

غور۔ خوف۔ گول۔ بول۔ تول۔ شور۔ ہوں۔ دودھ۔ خوب۔ لوں۔

سچ بول۔ کم نہ تول۔ غور سے سن۔ شور نہ کر۔ خدا کا خوف کر۔ یہ کون ہے؟ دودھ کس سے لوں؟ وہ آ گئے ہوں۔ تو ان کو بلا لو۔

ایک۔نیک۔میں۔غیب۔ہیں۔ریس۔بیج۔لیں۔

خدا ایک ہے۔اس میں شک نہ کرو۔وہ بڑے نیک ہیں۔اس کے پاس رہ۔ غیب کی خبر خدا ہی کو ہے۔کسی کی ریس نہ کر۔بیج بو دو۔یہ کس سے لیں۔

وقت۔وعظ۔ذکر۔ورد۔شکر۔صبح۔منہ۔

وعظ سن۔اس میں خدا کا ذکر ہے۔صبح کا وقت ہے۔منہ صاف کر۔خدا کے نام کا ورد کر اور اس کا شکر بجالا۔

دو چشمی ''ھ'' کا استعمال

بھ۔پھ۔تھ۔ٹھ۔جھ۔چھ۔دھ۔ڈھ۔ڑھ۔کھ۔گھ۔لھ۔مھ۔نھ۔

تھا۔کھا۔بھر۔پھل۔تھک۔ٹھگ۔جھٹ۔چھت۔ڈھب۔گھر۔بھڑ۔پھر۔ پھر۔چھد۔کھچ۔گھر۔بھس۔تھڑ۔جھک۔چھٹ۔کھل۔کھل۔گھن۔

رتھ۔بڑھ۔پڑھ۔چڑھ۔چکھ۔رکھ۔لکھ۔تجھ۔کچھ۔بدھ۔دکھ۔

گھر جا۔ دکھ نہ دے۔ یہ بھڑ ہے۔ رتھ پر چڑھ۔ دن بھر نہ پھر۔ کچھ تو لکھ پڑھ۔

بڑھ کر نہ بول۔ چھت گر گئی۔ آج بدھ ہے۔ کل منگل تھا۔ قلم اس میں رکھ دے۔

مجھ کو گھر لے جا۔ چکھ کر دودھ کا مزہ بتا۔ میں تو تھک گیا ہوں۔ تم کہو کیا حال ہے؟

بھی۔ تھی۔ گھی۔ تھے۔ دھو۔ کھو۔ چھو۔

گھی لا۔ منہ دھو۔ وقت نہ کھو۔ وہ تھی۔ اسے نہ چھو۔ وہ گھر گئے تھے۔ یہ بھی لو۔

وہ بھی لو۔

راکھ۔ ہاتھ۔ چھاچھ۔ پڑھا۔ گھڑا۔ سکھا۔ بچھا۔ کھلا۔ اٹھا۔ بھلا۔ دھلا۔

راکھ نہ اڑا۔ چھاچھ پی لے۔ فرش بچھا دو۔ رول اٹھا دو۔ دوا کھلا دو۔ ہاتھ منہ

دھلا دو۔ تم نے سبق پڑھا؟ گھڑا کس نے لیا؟ یہ کام سکھا دو۔ خدا کو دل سے نہ

بھلا۔

سمجھ۔ ادھر۔ ادھر۔ پڑھو۔ پھرو۔ گھلو۔ بھلی۔ چھری۔ گھری۔ بڑھے۔ مجھے۔

بچھے۔

سمجھ کر پڑھو۔ ادھر ادھر نہ پھرو۔ اب نہ گھلو۔ اس کی شکل کیا بھلی ہے! یہ چھری تیز ہے۔ وہ فوج بھی گھری۔ جوں جوں ہم بڑھے وہ ہٹے۔ جب فرش بچھے مجھے خبر کرو۔

چھوڑ۔ کھول۔ پھول۔ کھیل۔ بیٹھ۔ پیٹھ۔

پھول توڑ لو۔ دودھ کھول رہا ہے۔ کام سے جی نہ چھوڑ۔ ادھر پیٹھ کر کے نہ بیٹھ۔ وقت کو کھیل کود میں نہ کھو۔

دانا۔ آٹا۔ قاضی۔ بھائی۔ کھاؤ۔ کاٹو۔ جانو۔ آلو۔ چاقو۔ کاغذ۔ ناخن۔ صاحب۔ آئے۔ جائے۔

ناخن کاٹو۔ آلو کھاؤ۔ تم کب آئے؟ کاغذ پر لکھ۔ دانا کے پاس بیٹھ۔ چاقو بھائی کو دے دو۔ قاضی صاحب حج کو جاتے ہیں۔ خدا کو ایک جانو۔ اس کے نام پر آٹا دو۔

گھوڑا۔ روزہ۔ روٹی۔ کوئی۔ کھولو۔ بولو۔ دوڑا۔ عورت۔ بھوکا۔ چولھا۔ مورت۔ موسم۔ ہوا۔ ہوئے۔ ہوئی۔

گھوڑا خوب دوڑا۔ یہ عورت کون ہے؟ اس نے روزہ رکھا ہے۔ عید کب ہوئی؟ کسی کا خط نہ کھولو۔ سوچ سمجھ کر بولو۔ وہ گھر گئے ہوئے ہیں۔ چولھا گرم ہے۔ موسم سرد ہے۔ کوئی بھوکا ملے تو اسے روٹی کھلا دو۔ مورت پاس نہ رکھو۔ اسے کیا ہوا؟

روئی۔ موتی۔ دوڑی۔ بھوکے۔ کھوتے۔ چوکے۔ روپے۔ بھولو۔ دوڑو۔ کولھو۔ بھیڑ دوڑی۔ بیل بھوکے ہیں۔ چار چوکے سولہ۔ موتی کیا ہی خوب صورت ہے۔ بہت تیز نہ دوڑو۔ کولھو چل رہا ہے۔ یہ روئی کا پودا ہے۔ روپے کا لالچ نہ کرو۔ خدا کو کبھی نہ بھولو۔ بے عقل ہی وقت کو کھیل کود میں کھوتے ہیں۔

ایسا۔ میرا۔ ہیرا۔ نیکی۔ تھیلی۔ گیلی۔ ریشم۔ گیدڑ۔ بیٹھک۔ دیکھو۔ پیٹو۔ پیسو۔ نیبو۔ بیٹھو۔ نینو۔ میرے۔ پیچھے۔ بیٹھے۔

یہ ہیرا میرا ہے۔ ایسا ریشم نہ لو۔ نینو کا تھان دے دو۔ سب کے ساتھ نیکی کرو۔ گیلی جگہ پر نہ بیٹھو۔ دوا پیسو۔ دیکھو! میرے پیچھے کوئی نہ بیٹھے۔ بیٹھک میں نہ جا۔ گیدڑ بھاگا۔ نیبو تھیلی میں پڑے ہیں۔ یہ بڑا پیٹو ہے۔

گرتا۔ کرتا۔ کتنا۔ تختی۔ گنتی۔ جتنی۔ گھنڈی۔ بندے۔ کتنے۔ گردے۔ رحمت۔ مسجد۔ بگٹٹ۔ خدمت۔ کلکل۔ بالکل۔ مگدر۔ مشکل۔ بلبل۔ پکڑو۔ بلکو۔ گھرکو۔ اکڑو۔ تنبو۔ ہندو۔

کرتا پہن لو۔ تختی دھولا۔ دن کتنا چڑھا؟ اکڑو نہ بیٹھو۔ مگدر اٹھالا۔ یہ تو مشکل ہے۔ گردے کتنے کے لئے؟ بلبل کو نہ پکڑو۔ کیسی کلکل مچ رہی ہے! تنبو میں ہندو بیٹھے ہیں۔ گھوڑے کو بگٹٹ نہ دوڑا۔ یہ آم بالکل پھیکے ہیں۔ گھنڈی لگا لو۔ نیک بندے مسجد میں جاتے ہیں۔ گنتی سیکھو۔ ایک سے سو تک گنو۔ گھر میں جتنی چیز ملے لے لو۔ نہ کسی کو گھرکو نہ کسی کی بات سے بلکو۔ جو ماں باپ کی خدمت کرتا ہے اس پر خدا کی رحمت ہوتی ہے۔

بچہ۔ سچا۔ ننھا۔ ملا۔ چلا۔ دلی۔ چکی۔ چھٹی۔ پٹو۔ چلو۔ پتھر۔ الھڑ۔ عزت۔ نکڑ۔

بھدے۔ بھٹے۔ لکھے۔

کیا نیک بچہ ہے! بات کا سچا ہے۔ سب کی عزت کرتا ہے۔ دلی بڑا شہر ہے۔ چلا

کر نہ بول۔ ملا جی سے سبق پڑھو۔ پٹو کا کوٹ بنوالو۔ چلو سے پانی نہ پیو۔ چکی کا

پتھر بہت بھاری ہے۔ جمعہ کو چھٹی ہوتی ہے۔ کیا ننھا سا لڑکا چلا آتا ہے۔ اس نکڑ

پر ٹھہرو۔ میں ٹوکری میں بھٹے لاتا ہوں۔ تم بھدے سے حروف لکھتے ہو۔ الھڑ

پنے کی بات نہ کر۔ قسمت کے لکھے کو کون مٹا سکتے۔

نماز۔ سلام۔ حرام۔ کہاں۔ کتاب۔ دھیان۔ میاں۔ بیاج۔ بیاہ۔ پیار۔

دکان۔ لہار۔ پکار۔

اپنی کتاب لاؤ۔ سبق دھیان سے پڑھو۔ تم کہاں گئے تھے؟ مسجد میں نماز پڑھنے

گیا تھا۔ بھائی کو پیار کرو۔ آج اس کا بیاہ ہے۔ بیاج لینا دینا حرام ہے۔ میاں

جی کو سلام کر۔ سچی دکان خوب چلتی ہے۔ لہار کو پکارو۔

مسور۔ غرور۔ چلوں۔ گنوں۔ سنوں۔ کروڑ۔ نچوڑ۔ بدوں۔ دلوں۔ بروں۔

مخول۔ پھلور۔

آج مسور کی دال پکا لو۔ غرور کرنا بہت برا ہے۔ میں بھی گھر چلوں؟ بیس تک گنوں؟ میں ان کا سبق سنوں؟ سو لاکھ کا ایک کروڑ ہوتا ہے۔ بھیگے کپڑے نچوڑ لے۔ بروں سے بچے رہو۔ بدوں سے بدی نہ کر۔ دلوں کا مالک خدا ہے۔ ٹھٹھا مخول نہ کرو۔ آج تو پھلور چلو۔

حدیث۔ نہیں۔ ہمیں۔ سفید۔ حسین۔ غلیل۔ مفید۔ درخت۔ پسند۔ بہشت۔

نچنت۔ درست۔ کلنگ۔

رسول کے کلام کو حدیث کہتے ہیں۔ اس درخت کا پھل میٹھا ہوتا ہے۔ شہد مفید چیز ہے۔ گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں۔ بہشت میں بدوں کا کیا کام! غلیل ہمیں دے دو۔ حسین خاں کہاں گیا؟ سچی بات سب کو پسند ہے۔ کلنگ کا رنگ سفید ہوتا ہے۔ اس فقرے کو درست کرو اور نچنت ہو کر بیٹھو۔

پانچ۔ چاند۔ نیند۔ مینہ۔ بھینس۔ سونڈ۔ چونچ۔ سونف۔ پہنچ۔ ہنسا۔ کیوں۔ دوست۔

آج چاندرات ہے۔ کل مینہ برسا۔ ہاتھی کی سونڈ دیکھی! بھینس کا دودھ بہت گاڑھا ہوتا ہے۔ تو کیوں ہنسا؟ مرغ کی چونچ دیکھو! مجھے نیند آ گئی۔ سونف چبا لو۔ کتاب پہنچ گئی۔ نیک بندے خدا کے دوست ہیں۔ وہ دن رات میں پانچ دفعہ نماز پڑھتے ہیں۔

جاؤں۔ پاؤں۔ دائیں۔ آئیں۔ نادان۔ بازار۔ لاہور۔

کعبے کی طرف پاؤں نہ پھیلا۔ نادان نہ بن۔ دائیں ہاتھ سے کھاؤ پیو۔ میں بازار جاؤں؟ یہ کلیں کہاں سے آئیں؟ لاہور سے۔

قرآن۔ مسواک۔ تیار۔ مزدور۔ مضبوط۔ نزدیک۔

قرآن خدا کا کلام ہے۔ مسواک کرنے سے دانت صاف اور مضبوط رہتے ہیں۔ وہ مزدور مسجد کے نزدیک رہتا ہے۔ اذان سنتے ہی نماز پڑھنے کے لئے

تیار ہو جاؤ۔

بیمار۔ بیکار۔ نیپال۔ پیسوں۔ بھیجوں۔ میسور۔ نیکوں۔ بیلوں۔ چیزیں۔ بیلیں۔چھیلیں۔بیٹھیں۔

جو لوگ نیک بننا چاہیں نیکوں کی صحبت میں رہیں۔ کسی وقت بیکار نہ بیٹھیں۔ بیمار ہو جاؤ تو بھی نماز قضا نہ ہونے دو۔ سرمہ پیسوں؟ ان چیزوں کو کہاں بھیجوں؟ نیپال یا میسور؟ بیلوں کو نہ مارو۔ آؤ گنا چھیلیں۔ انگور کی بیلیں کیسی سایہ دار ہیں۔

لوگوں۔کودوں۔ بولوں۔موجود۔بوتام۔اوزار۔رومال۔

ان لوگوں کے پاس اوزار کیوں نہیں؟ تم کہو تو میں بھی بولوں۔ میں آج کھیلوں کودوں؟ ہاتھ صاف کرنے کو رومال موجود ہے۔ بارہ بوتام مجھے دے دو۔

سلائی۔کمائی۔ دلائی۔کھلاتے۔کماتے۔اٹھاتے۔بچاؤ۔کھلاؤ۔ پلاؤ۔کماؤ۔

اس دلائی کی سلائی اچھی نہیں۔سخی کی کمائی میں سب کا حصہ ہے۔ کپڑوں کو داغ

دھبے سے بچاؤ۔ پلاؤ ہمیں بھی کھلاؤ۔ کماؤ بندے دکھ اٹھاتے اور محنت سے کماتے ہیں۔ آپ کھاتے اوروں کو کھلاتے ہیں۔

زیادہ۔ برادہ۔ پکانا۔ اکیلا۔ شریعت۔ پرونا۔ بھروسا۔ ادھورا۔

بھوک سے زیادہ نہ کھاؤ۔ شریعت کا حکم مانو۔ سینا پرونا اور کھانا پکانا سیکھو۔ لکڑی کا برادہ خوب جلتا ہے۔ خدا ایک اکیلا ہے۔ ہر کام میں اسی پر بھروسا رکھ۔ کوئی کام ادھورا نہ چھوڑ۔

مناسب۔ مبارک۔ عمارت۔ محمد۔ محبت۔ نکما۔ اچھلنا۔ نکلنا۔

خدا کے رسول حضرت محمد سے محبت رکھو۔ ان کا نام ادب سے لو۔ جب کسی سے ان کا نام سنو تو ان پر سلام بھیجو۔ نماز میں ان پر درود پڑھو۔ اس مسجد کی عمارت بنائی تمہیں مبارک ہو۔ نکما رہنا مناسب نہیں۔ تو کیوں اچھلتا پھرتا ہے؟ اب باہر نہ نکلنا۔

مدرسہ۔مرتبہ۔حاضری۔کھردری۔قاعدہ۔باجرہ۔چاہئے۔لیجئے۔

رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا مرتبہ بہت بڑا ہے۔مدرسہ کھل گیا۔حاضری ہورہی ہے۔مجھے اردو کا قاعدہ چاہئے۔مول لے لیجئے۔یہاں باجرہ نہیں ہوتا۔یہ میز کھردری ہے۔

آدمی۔جانور۔سامنے۔کاٹنا۔دوسرا۔ٹوکرا۔دوستی۔سیکھنا۔دیکھنا۔پھیلنا۔پندرہ۔پھندنا۔بندگی۔زندگی۔مانگو۔

نیک آدمی سے دوستی رکھو۔خدا ہی کی بندگی کرو۔اس کے سوا کسی اور کو نہ پوجو۔جو مراد مانگو اسی سے مانگو۔زندگی کا کچھ بھروسا نہیں۔دوسرا ٹوکرا لاؤ۔اس ٹوپی کا پھندنا کہاں ہے؟ ہنر سیکھنا بھی فرض ہے۔اس بیل کا پھیلنا دیکھو۔اسے نہ کاٹنا۔دیکھنا سامنے کونسا جانور بیٹھا ہے۔مہر پندرہ روپے کی ہوتی ہے۔

خود۔خوش۔خواجہ۔خواہش۔خوراک۔

سب لوگوں کو خوش رکھو۔تم خود پڑھو۔خواجہ صاحب کی خوراک بہت ہی کم ہے۔

آپ کی کیا خواہش ہے؟ انجام بخیر ہو۔ خدا کے نیک بندوں پر سلام۔

اردو دنوں کے نام

(۱) سنیچر (۲) اتوار (۳) پیر (۴) منگل (۵) بدھ (۶) جمعرات (۷) جمعہ۔

اسلامی مہینوں کے نام

(۱) محرم (۲) صفر (۳) ربیع الاول (۴) ربیع الثانی (۵) جمادی الاولی (۶) جمادی الاخری (۷) رجب (۸) شعبان (۹) رمضان (۱۰) شوال (۱۱) ذیقعدہ (۱۲) ذی الحجہ۔

ختم شد

گنتی

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
ایک	دو	تین	چار	پانچ	چھ	سات	آٹھ	نو	دس
۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰
گیارہ	بارہ	تیرہ	چودہ	پندرہ	سولہ	سترہ	اٹھارہ	انیس	بیس
۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸	۲۹	۳۰
اکیس	بائیس	تئیس	چوبیس	پچیس	چھبیس	ستائیس	اٹھائیس	انتیس	تیس
۳۱	۳۲	۳۳	۳۴	۳۵	۳۶	۳۷	۳۸	۳۹	۴۰
اکتیس	بتیس	تینتیس	چونتیس	پینتیس	چھتیس	سینتیس	اڑتیس	انتالیس	چالیس
۴۱	۴۲	۴۳	۴۴	۴۵	۴۶	۴۷	۴۸	۴۹	۵۰
اکتالیس	بیالیس	تینتالیس	چوالیس	پینتالیس	چھیالیس	سینتالیس	اڑتالیس	انچاس	پچاس
۵۱	۵۲	۵۳	۵۴	۵۵	۵۶	۵۷	۵۸	۵۹	۶۰
اکاون	باون	ترپن	چون	پچپن	چھپن	ستاون	اٹھاون	انسٹھ	ساٹھ
۶۱	۶۲	۶۳	۶۴	۶۵	۶۶	۶۷	۶۸	۶۹	۷۰
اکسٹھ	باسٹھ	تریسٹھ	چونسٹھ	پینسٹھ	چھیاسٹھ	سڑسٹھ	اڑسٹھ	انہتر	ستر
۷۱	۷۲	۷۳	۷۴	۷۵	۷۶	۷۷	۷۸	۷۹	۸۰
اکھتر	بہتر	تہتر	چوہتر	پچھتر	چھہتر	ستتر	اٹھتر	اناسی	اسی
۸۱	۸۲	۸۳	۸۴	۸۵	۸۶	۸۷	۸۸	۸۹	۹۰
اکاسی	بیاسی	تراسی	چوراسی	پچاسی	چھیاسی	ستاسی	اٹھاسی	نواسی	نوے
۹۱	۹۲	۹۳	۹۴	۹۵	۹۶	۹۷	۹۸	۹۹	۱۰۰
اکانوے	بانوے	ترانوے	چورانوے	پچانوے	چھیانوے	ستانوے	اٹھانوے	ننانوے	سو

উর্দু কা কায়েদা

الجَامِعَةُ الرَّحمَانِيَّةُ الأهلِيَّةُ رَاجشَاهِي بنغلادِيش